وزیراعظم کی کویت کے وزیراعظم سے ملاقات

22 دسمبر 2024

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج کویت کے وزیر اعظم عزت مآب شیخ احمد العبداللہ الاحمد الصباح کے ساتھ بات چیت کی۔

2. دونوں رہنماؤں نے سیاست، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع، سلامتی، صحت، تعلیم، ٹیکنالوجی، ثقافتت اور عام لوگوں کی سطح پر تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کے روڈ میپ پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے کویتی سرمایہ کاری اتھارٹی اور دیگر اسٹیک ہولڈروں پر مشتمل وفد کو توانائی، دفاع، طبی آلات، فارما، فوڈ پارکس سمیت دیگر شعبوں میں نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ رہنماؤں نے روایتی ادویات اور زرعی تحقیق میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے مشترکہ کمیشن برائے تعاون (JCC) کے حالیہ دستخط کا خیرمقدم کیا جس کے تحت صحت، افرادی قوت اور ہائیڈرو کاربن پر موجودہ JWGs کے علاوہ تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ٹیکنالوجی، زراعت، سلامتی اور ثقافت کے شعبوں میں نئے جوائنٹ ورکنگ گروپ قائم کیے گئے ہیں۔

3. دونوں رہنماؤں نے مذاکرات کے بعد دوطرفہ معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط اور تبادلے کا مشاہدہ کیا۔ ان میں دفاعی تعاون سے متعلق مفاہمت نامے، ثقافتی تبادلے کا پروگرام، کھیلوں کے میدان میں تعاون سے متعلق ایگزیکٹو پروگرام اور کویت کے بین الاقوامی شمسی اتحاد میں شمولیت سے متعلق فریم ورک معاہدہ شامل تھے۔

4. وزیراعظم نے کویت کےعزت مآب وزیر اعظم کو بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

کویت سٹی

22 دسمبر 2024